mention the full qs statement or the source of the qs for proper evaluation....

without that, these are just notes and cannot be awarded marks.....

# اسلام:

## لغوی معانی:

اسلام عربی زبان کے لفظ "سلم" سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معانی "سر تسلیم خم کرنا"، "اطاعت کرنا"، "برداشت کرنا" اور "سپرد کرنا" کے ہیں۔

## اصطلاحی معانی:

"اللہ کی اطاعت کرتے ہوئے امن میں داخل ہو جانا اسلام کہلاتا ہے"

"اپنی خواہشات کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دینا اسلام کہلاتا ہے"

## قرآن مجید کے مطابق اسلام:

قرآن مجید سورہ الانعام کی آیت نمبر 125 میں اللہ ارشاد فرماتا ہے۔

"فمن یرد اللہ ان یہدیہ یشرح صدرہ للاسلم"

ترجمہ۔

"جس کے لیے اللہ ہدایت چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کر دیتا ہے"

Scanned with CamScanner

قرآن مجید کی سورۃ الحجرات آیت نمبر 17 میں اللہ ارشاد فرماتا ہے

"بل اللہ یمن علیکم ان ھدٰکم للاسلام"

ترجمہ۔ "بلکہ اللہ تم پر احسان کرتا ہے کہ اس نے تمہیں اسلام کی ہدایت دی"

## حدیث کی روشنی میں اسلام

ارشاد نبوی ﷺ ہے

"اسلام سادگی، اخلاص اور حق پر قائم چند لوگوں سے شروع ہوا اور آخر میں بھی ایسے ہی ہو جائے گا۔ اصل اسلام رسم و رواج نہیں، بلکہ خالص عمل اور سچائی ہے"۔

"مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے لوگ محفوظ رہیں" یہ اسلام کی جامع اخلاقی تعریف ہے"

## امام ابن تیمیہؒ کی تعریف اسلام

اسلام اللہ کی توحید کے سامنے جھک جانا، اس کی فرمانبرداری اختیار کرنا اور شرک و نافرمانی سے مکمل طور پر پاک ہو کر زندگی گزارنے کا نام ہے۔

## امام غزالی کی تعریف اسلام

اسلام ظاہر و باطن دونوں میں اللہ کی اطاعت کا نام ہے اور نفس کی ایسی تربیت ہے جس سے انسان کے دل میں سکون اور اطمینان پیدا ہو جائے۔

these much definitions are not required.......

## امام فخر الدین الرازی کی تعریف اسلام

اسلام دل اور عمل دونوں کا اللہ کے حکم کے آگے جھک جانا اس کی حکمت پر مکمل بھروسہ کرنا اور اس کے فیصلوں پر راضی رہنے کا نام ہے۔

# اسلام کی نمایاں خصوصیات

### 1. اسلام میں علم کی تلاش عبادت ہے

اسلام میں علم حاصل کرنے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ دین اسلام میں علم حاصل کرنا صرف ضرورت نہیں بلکہ عبادت قرار دیا گیا ہے۔

آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا

"علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"

مثال:

جنگ بدر کے قیدیوں کو اس شرط پر رہائی دینے کا وعدہ کیا کہ وہ سات مسلمان بچوں کو پڑھنا لکھنا سکھا دیں

Scanned with CamScanner

## 2. اسلام نیت کو عمل سے زیادہ اہمیت دیتا ہے

اسلام نیت کو عمل پر فوقیت دیتا ہے۔ اسلام نے نیت کو صاف اور خدا کی مرضی کے مطابق کرنے پر زور دیا ہے۔

use marker for references........

آنحضورؐ نے فرمایا

"بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے"

## 3. اسلام معاشرتی ہمدردی کو ایمان کا حصہ قرار دیتا ہے

اسلام معاشرتی ہمدردی کو ایمان کا ایک اہم جزو قرار دیتا ہے۔ اسلام نے معاشرتی معاملات میں متوازن رہنے اور معاشرے کے ہر طبقے اور انسان کا خیال رکھنے کی اہمیت کو بہت اجاگر کیا ہے۔

آنحضورؐ کا فرمان ہے

"وہ شخص مسلمان نہیں ہو سکتا جس کا پیٹ بھرا ہو اور اس کا پڑوسی بھوکا سوئے"

one reference is enough for a single argument......

مثال:- ہجرت مدینہ کے موقع پر جب مہاجرین اپنی تمام جائیداد اور گھر بار چھوڑ کر اللہ کی رضا کے لیے مکہ چھوڑ کر مدینہ روانہ ہوئے تو انصار مدینہ نے اعلیٰ ایثار کا مظاہرہ کیا اور ایک مہاجر کو حضورؐ کی منشاء پر اپنا بھائی بنا لیا یہاں تک کہ اپنی آدھی جائیداد کو اپنے مہاجر بھائی کے حوالے کر دی۔

Scanned with CamScanner

## 4. اسلام گردشِ دولت کو ضروری سمجھتا ہے

اسلام میں دولت کے معاشرے میں گردش کرتے رہنے پر بہت زور دیا گیا ہے۔ اسی نظام کو یقینی بنانے کے لیے اسلام میں صدقہ و زکوۃ کے نظام کو بہت واضح بیان کیا گیا ہے اس کے علاوہ اسلام نے ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع کو بھی سختی سے منع کیا ہے

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

"تاکہ دولت امیروں میں گردش نہ کرتی رہے" (الحشر)

## 5. اسلام نرمی کو ضروری قرار دیتا ہے

دین اسلام میں نرم دلی اور نرمی سے پیش آنے کو بہت اہمیت دے کر واضح کیا گیا ہے۔ حضورؐ کی تعلیمات میں جگہ جگہ نرمی سے پیش آنے کا حکم واضح ہے۔ اسلام نے اپنے عزیز و اقارب، اپنی اولاد، اپنے والدین اور معاشرے کے تمام طبقات سے نرمی اور حسن سلوک سے پیش آنے کا درس دیا ہے

آنحضورؐ کا فرمان ہے

"جس چیز میں نرمی ہو وہ خوبصورت ہو جاتی ہے"

مثال: حضورؐ نے جب اسلام کی تبلیغ کے لیے طائف کا سفر کیا تو وہاں کے لوگوں نے آپؐ کے ساتھ بہت برا سلوک کیا آپؐ پر پتھر برسائے یہاں تک کہ آپؐ کے جوتے خون سے بھر گئے لیکن اس سب کے باوجود آپؐ پھر بھی ان کے حق میں نرم دلی سے پیش آئے۔

Scanned with CamScanner

### 6. اسلام دفاعی ترقی سکھاتا ہے

minimum description under a heading should be 5 lines.......

طاقت ضروری ہے مگر فضول نمائش اور جارحیت منع ہے

سورہ الانفال "طاقت تیار رکھو تاکہ دشمن مرعوب رہیں"

### 7. اسلام ذمہ داریوں پر زور دیتا ہے

"تم میں سے ہر ایک شخص ذمہ دار ہے اور اس سے اسکی ذمہ داری کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔" (الحدیث)

مثال:۔ خلیفہ کا راتوں کو مدینے کی گلیوں میں پھرنا

### 8. اسلام میں طاقت کے استعمال پر اخلاقی پابندیاں

جنگ میں بھی اخلاق، رحم اور پابندیوں کا نظام

سورہ البقرہ ۔ "حد سے نہ بڑھو اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا"

مثال:۔ جنگ میں بچے، بوڑھے اور عورتوں کو نہ مارنے کا حکم

Scanned with CamScanner

9. اسلام سماجی انصاف کو عبادت کا درجہ دیتا ہے

حقوق اللہ و حقوق العباد پر ترجیح دی گئی ہے

آنحضورؐ کا فرمان ہے
"اللہ ظالم کے مقابلے میں مظلوم کی دعا قبول کرتا ہے، خواہ وہ فاسق ہی کیوں نہ ہو"

مثال: حضرت عمرؓ کا قول (دجلہ کنارے کتے بھی مر جائے)

10. اسلام کمزوروں کو حقوق فراہم کرتا ہے۔

آنحضورؐ کا فرمان ہے
"کمزوروں کے حقوق کی وجہ سے تمہیں رزق دیا جاتا ہے"

مثال:۔ یتیم، بیوہ اور سائلوں کے حقوق

11. اسلام صفائی کو نصف ایمان قرار دیتا ہے

آنحضورؐ کا فرمان ہے
"صفائی نصف ایمان ہے"

مثال:۔ وضو، غسل اور کپڑوں کو پاک رکھنے کا واضح حکم

12۔ معاہدوں کی پاسداری ایمان کی علامت:

"اور عہد پورا کرو بے شک عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا" (سورہ الاسراء)

مثال: سخت ہونے کے باوجود معاہدہ حدیبیہ کی پاسداری

13۔ تکبر ناپسندیدہ عمل:

آنحضورؐ کا فرمان ہے
"جس کے دل میں رائی برابر بھی تکبر آگیا وہ جنت میں داخل نہیں ہو سکتا"

مثال:- شیطان کا جرم محض تکبر تھا

14۔ تحمل و بردباری اعلیٰ اخلاق:

آنحضورؐ کا فرمان ہے
"تحمل و بردباری اللہ کو محبوب ہیں"

مثال: عورت کا آپؐ پر کوڑا پھینکنے کا معاملہ

Scanned with CamScanner